مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

جعلی ایجنٹوں کو پہچانئے

اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر (او ای پی) کون ہے؟

اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر (او ای پی)حکومت پاکستان سے منظورشدہ وہ نجی کمپنی یا بھرتی کا ادارہ ہے جو کسی بھی شخص کو بیرون ملک ہجرت کرنے کے لیے بھرتی کا عمل یا مدد فراہم کرتا ہے۔ او ای پی بھرتی کے لیے وفاقی حکومت کو بھرتی کی درخواست دے گا اور اس کے ساتھ مکمل معلومات اور دستاویزات پیش کرے گا، سیکیورٹی اور دیگر فیس اداکرتا ہے۔ اوای پی بیرون ملک پاکستانیوں کی بھرتی/ملازمت کے لیے حکومت کا تجویز کردہ طریقہ کار اپنانے کا بھی پابند ہے۔

ایک جعلی ایجنٹ یا کمپنی کو درج ذیل باتوں سے پہچانا جاسکتا ہے

- نوکری کے اشتہار پر کوئی لائسنس نمبر درج نہیں ہوتا ہے
- ان کا کوئی دفتر موجود نہیں ہوتاہے
- بات چیت عموماً ای میل اور جعلی ویب سائٹس کے ذریعے کرتے ہیں، اگرچہ طریقہ کار کافی پیشہ وارانہ ہوتا ہے
- بھرتی کی قیمت نسبتاً کم ہوتی ہے
- نوکری سے متعلق تفصیلات بی ای او ای کی ویب سائٹ پر موجود نہیں ہوتی ہے
- دستاویزاتی عمل کے بارے میں واضح معلومات فراہم نہیں کرتے ہیں

ماائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر (او ای پی) کی تصدیق کیسے کی جا سکتی ہے؟

کسی بھی ایجنٹ کی تصدیق بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کی ویب سائٹ سے کی جا سکتی ہے۔

کسی بھی ایجنٹ یا کمپنی جو خود کو حکومت سے منظور شدہ کہتی ہے اس کے لائسنس نمبر کی تصدیق
https://beoe.gov.pk/list-of-oeps کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

او ای پی کے ذریعے بیرون ملک ملازمت حاصل کرتے وقت کن احتیاطی تدابیر پر غور کرنا چاہیے

او ای پی کے دیئے گئے نوکری کے اشتہار پر درست لائسنس نمبر ہونا لازمی ہے۔

روزگار کے مواقع کے متعلق معلومات کا درست ہونا لازمی ہے۔

نوکری کے اشتہار/پیشکش/معاہدے میں موجود شرائط اور ضوابط کو دیہان سے پڑھیں اور سمجھیں۔

متعلقہ پروٹیکٹوریٹ آف امیگرنٹس کے دفتر سے شرائط اور ضوابط کی دوبارہ تصدیق کرلیں۔

او ای پی کے دفتر لازمی جائیں۔

رقم کی ادائیگی پر کمپنی/او ای پی کی رسید لازمی حاصل کریں۔

او ای پی / ایجنٹ کے ساتھ مسئلے کی صورت میں مندرجہ ذیل اداروں سے معلومات اور مدد حاصل کر سکتے ہیں

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر

ایم آر سی آپ کو بیرون ملک نوکری سے متعلق درست معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکمے /دفتر سے بھی رابطہ استوار کروا سکتا ہے۔ ایم آر سی کے کاونسلر آپ کو او ای پی کا لائسنس نمبر، اور جعلی نوکریوں کی نشاندہی میں بھی مدد فراہم کرتے ہیں۔

پروٹیکٹوریٹ آف امیگرانٹس

اگر آپ کسی او ای پی یا رجسٹرڈ کمپنی کی جانب سے دھوکہ دہی کا شکار ہوتے ہیں تو آپ ان کے خلاف متعلقہ پی او ای یا بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ میں شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، بی ای او ای

بی ای او ای کے پاس او ای پی کے لائسنسز منظم کرنے کا مکمل اختیار موجود ہے۔ لہذا پی او ای کے سٹاف یا او ای پی کے خلاف شکایت کی صورت میں ڈی جی بیورو کو فیصلے کرنے، جرمانہ عائد کرنے، اور اگر او ای پی قصور وار ثابت ہوجائے تو اسکا لائسنس منسوخ کرنے کا مکمل ختیار حاصل ہوتا ہے۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

کسی بھی مدد کی صورت میں مائیگرنٹ ریسورس سنٹر، پاکستان سے رابطہ کریں

ہاٹ لائن : 0304-111-2-123

واٹس ایپ : 00116671 300 ,0191919 306 (92+)

ویب سائٹ : www.mrc.org.pk
ٹویٹر : www.twitter.com/mrc_pak
فیس بک : https://www.facebook.com/PAKMRC/
ای میل : info@mrc.org.pk

مائیگرنٹ ریسورس سینٹر اسلام آباد

میزانائن فلور، شہید ملت سیکرٹریٹ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔
فون : 9219617 051 92+
اسکائپ : mrcislamabad

مائیگرنٹ ریسورس سینٹر لاہور

انڈسٹری ریلیشن انسٹی ٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122، چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور
فون : 4299262132 92+
اسکائپ : mrc.lahore

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by
ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria
Federal Ministry Republic of Austria Interior